It gives me great pleasure to extend warmest greetings to all those celebrating the one hundredth anniversary of the birth of Mr. Muhammad Ali Jinnah, Quaid-e-Azam.

Few statesmen achieve such significance that they are still fondly remembered a century after their birth. Mr. Jinnah is certainly in that category. His far-seeing hopes for his people, the strong humanitarian principles that motivated him, his great ideals, guarantee him an important place in the history of both his country and the world.

Please accept my warmest best wishes on this momentous occasion.

Pierre Elliott Trudeau

Ottawa,
1976.

The City of Toronto
David Crombie, Mayor

GREETINGS

Pakistani Canadians will be celebrating the One Hundredth Anniversary of Mr. Muhammad Ali Jinnah, the founder of Pakistan on September 11, 1976.

Mr. Jinnah was a constitutional lawyer, trained as Barrister in England and a great parliamentarian whose entire struggle was confined within the bounds of constitutionality. He was fondly called the QUID-I-AZAM, meaning the great leader.

Pakistani Canadians and indeed Pakistanis the world over, hold Mr. Jinnah in very high esteem and it is in his memory that this One Hundredth Anniversary is planned.

I am pleased to have this opportunity to send Greetings on this occasion.

Mayor

Mayor's Office,
City Hall, Toronto.
September 3, 1976.

City Hall, Toronto M5H 2N2, Canada (416) 367-7001

The Premier of Ontario

Parliament Buildings
Queen's Park
Toronto Ontario

September 8, 1976

It is an honour and pleasure to extend, on behalf of the Government of Ontario, congratulations and warmest greetings to the members of the Pakistani community in this province and country as they celebrate the One Hundredth Anniversary of Mr. Muhammad Ali Jinnah, the founder of Pakistan.

As one who is privileged to serve in public life and thus able to make a contribution to the political and social development of this country, I am deeply aware of the vision, foresight, perseverance, courage, selflessness and faith of those who guided Canada into nationhood and their counterparts in other nations throughout the world. It is indeed incumbent on all of us to pause from time to time to reflect on and to rededicate ourselves to the principles which they articulated, the virtues which they exemplified, and on the pride in our heritage and culture which they inspired.

It is, therefore, eminently fitting that Pakistani people both in their native country and throughout the world should at this time pay tribute to the father of modern Pakistan, a man whose outstanding personal qualities enabled him to guide his country as it took its proud place as a sovereign state, a country with which Canada is proud to share the common bond of Commonwealth membership.

I extend my warmest good wishes to the Pakistani community in Canada, particularly those of you who have taken up residence in Ontario. May you continue to take pride in your rich and ancient culture and enjoy every happiness and prosperity in your new home here.

William G. Davis

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

کینیڈا کی شہریت رکھنے والے ایک پاکستانی نوجوان کو جن کا تعلق پشاور سے ہے اور جن کی سالانہ آمدنی اٹھارہ ہزار ڈالر سے زیادہ ہے ٹورنٹو میں سکونت رکھنے والی تعلیم یافتہ مسلمان لڑکی کا رشتہ مطلوب ہے۔ تفصیلات کے لیے ذیل کے پتہ پر خط لکھیے۔

H. R KHAN
C/O CRESCENT

●

ہندوستان سے آئے ہوئے ایک مسلمان لڑکے کیلئے کینیڈا میں امیگرنٹ مسلمان لڑکی کا رشتہ مطلوب ہے۔ خط وکتابت صیغۂ راز میں رکھی جائے گی۔ پتہ ذیل پر خط لکھیے:

H. H.
C/O CRESCENT

●

ایک تعلیم یافتہ سلیقہ شعار پنجابی لڑکی کے لیے جس کی عمر ۲۷ سال ہے کینیڈا میں امیگرنٹ لڑکے کا مناسب رشتہ درکار ہے۔ فوٹوگراف کے ساتھ خط لکھیے۔

M. S.
P.O. BOX 296, STN. H.
TORONTO, ONT.
M4C 1L0

●

(مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف ۵ ڈالر ہے جس کی پیشگی ادائیگی ضروری ہے)

انتقالِ پُرملال

سمیع الاسلام چوہدری مرحوم



ٹورانٹو۔ [illegible] ٹورانٹو میں مقیم ۲۷ سالہ مسلمان سمیع الاسلام چوہدری حرکت قلب بند ہو جانے سے انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم اپنی شرافت اور خوش مزاجی کی بنا پر اپنے احباب میں بہت زیادہ مقبول تھے۔ وہ سلہٹ (بنگلہ دیش) میں پیدا ہوئے اور وہیں ان کا جسد خاکی پہنچایا گیا۔ مرحوم نے اپنے پیچھے بیوہ [illegible] اور بچے [illegible] اور رشتہ داروں و دوستوں کو سوگوار چھوڑا ہے۔

طنز و مزاح

چٹکیاں

پچھلے دنوں ایک اخبار میں خبر آئی تھی "مسلمانوں کی عظمت رفتہ کو واپس لانے کے لئے منصوبہ تیار کر لیا گیا" اس پر سعودی عرب کی حکومت ۵۰ ارب ڈالر خرچ کرے گی! اس خبر کو پڑھ کر عالم اسلام کے مسلمانوں کے دل باغ باغ ہو گئے ہونگے - ہمارا دل بھی خوشی سے غنچہ غنچہ ہو گیا -

پچھلے دو تین سو سال میں مسلمانوں کی حالت خراب سے بدتر ہوتی چلی گئی ہے - دنیا کا نقشہ سامنے رکھیں اور جس طرف بھی مسلمانوں کی بہتات ہوگی ، غربت ، بے روزگاری ، بیماریاں ، گندگی ، کھانے اور پینے کے مال کی کمی ، جہالت ، رشوت ـــــ دال روٹی ، مساجد کی بہتات ، چوریاں ـ عام ، غیبت ـ محبوب مشغلہ !

جب مسلمانوں کی اس زبوں حالی کو دیکھ کر دنیا کے مختلف حصوں میں چند ایسے لیڈر پیدا ہوئے جنکے دلوں میں مسلمانوں کا درد تھا - ہندوستان میں سر سید احمد خان پیدا ہوئے - ان صاحب نے ایڑی چوٹی کا زور لگا دیا مسلمانوں کو ترقی میں لانے کیلئے - ان بے چارے نے بڑی اونچی اونچی باتیں مسلمانوں کو سمجھائی چاہیں - انہوں نے کہا دیکھو ! اب انگریز ہم پر حاوی تو ہو ہی چکا ہے - اس لئے ہمیں اسے اپنا آقا مان لینا چاہئیے - اسی کی میں ہماری بھلائی ہے اور اسی میں ہماری ترقی - پھر انہوں نے کہا کہ انگریز نے اور تمام مغربی دنیا نے جو ترقی کی ہے وہ سود کی وجہ سے ہے - انہوں نے کہا کہ ابھی تک مسلمانوں نے قرآنی احکامات کو غلط سمجھا - سنت کو قرآن سمجھنے سے بالکل قاصر رہے - اسلام نے کبھی سود کو حرام قرار نہیں دیا - اسلام جس چیز کے خلاف رہا - اور ہے - وہ ہے غیر معقول شرح سود ! شرعی سزا جسکے تحت چور کے ہاتھ کاٹے جاتے ہیں تا حیرانی ہے - جنکی ماڈرن سوسائٹی میں کوئی جگہ نہیں جہاد کی اسلام میں ممانعت ہے - سوائے ذاتی دفاع کے - انہوں نے فرمایا ـــــ معجزے ، فرشتے ، سب خرافات ہیں - جنکی سائنس میں کوئی جگہ نہیں - اور معراج النبی کو انہوں نے محض خواب کہ کر مسلمانوں سے اپیل کی کہ اس کو اہمیت نہ دیں - انہوں نے کہا کہ جو احکامات رسول ؐ کرگئے تھے وہ اس وقت کی سیدھی سادھی سوسائٹی کے لئے تھے - ان پر آج ہمیں عمل کرنے کی قطعی کوئی ضرورت نہیں - نہ صرف یہ بلکہ اگر ہمیں انگریزوں کی طرح ترقی کرنی ہے تو ان فرسودہ احکامات سے ایک بہرے سے جان چھڑانی پڑے گی -

اب بتاؤ ! کتنی پتے کی باتیں سر سید نے کہی تھیں - ظاہر ہے انگریز بے وقوف تھے تو نہیں - پتے کی ہی باتیں ہونگی - جس پر "سر" کا خطاب نوازا گیا ! اور جس کو یہ خطاب مل گیا اسکی جگہ ملکہ وکٹوریہ نے جنت میں ریزرو کروا دی - مگر مسلمان بڑا خود دماغ ہے - جناب لے مار بھاری - کسی نے کہا انگریزوں کا ایجنٹ ہے - کسی نے کہا دہریا ہے - تو کوئی چیخا اسلام دشمن ہے - لیکن اس کھیل بازی کا سر سید نے ایک مجاہد کی طرح سامنا کیا - اور انگریز کی خدمت کیلئے "مسلم" یونیورسٹی قائم کر دی - جس میں اسی طرح کی اور زیادہ اونچی اونچی باتیں سکھائی جاتی رہیں - ظاہر ہے مسلمان کے اسی "تنگ" نظریے کی وجہ سے سر سید کو پوری کامیابی نہ ہو سکی -

سر سید کی جیسی ناکامی کے بعد کم و بیش ساٹھ سال بعد ترکی میں اسلام کا ایک سپوت پیدا ہوتا ہے جسکا نام ضیا گوک الپ - اسلام اور مسلمانوں سے اسے اتنی محبت کہ اس کے ذکر سے یہ تحریر ٹپک پڑی ! -

"یورپین ممالک سے سائنس اور ٹکنالوجی میں مقابلہ کرنے کیلئے کہ ساتھ صرف ایک راستہ ہے - اور وہ ہے مغربی تہذیب کو اپنا لینے کا" "یورپی اقوام نے مسلم اقوام کو شکست دی ہے اور آج وہ دنیا کے مالک ہیں ، اس لئے ہمیں ایسی تہذیب کو اپنا نے میں کیوں جھجھک ہوتی ہو ہے جس نے ان کامیابی کا ڈنکا بجا رکھا ہے" ضیا گوک الپ نے ترکش قرآن کر بدل کر رومن خط کو جاری کرنے کی عقلمندانہ تجویز پیش کی - انہوں نے کہا ! اسطرح عوام میں علم پھیلانے میں مدد ملے گی - کمال اتاترک نے ضیا گوک الپ کی بیشتر تجاویز کو عملی جامہ پہنا دیا - رومن خط جاری کر دیا گیا - جس کا نتیجہ یہ ہے کہ آج خدا کے لئے بھی ترکی میں جاہل نہیں ملتے - تعلیم وہاں اتنی عام ہو چکی ہے کہ پرانی ترکش کتابیں جو دنیا میں ہر موضوع پر علم کا سمندر ہیں - اسٹیجوں کے میوزیم میں دیمک کی نظر ہو رہی ہیں - !

مسلمانوں میں سرنیم SURNAME نہیں ہوتے تھے - ضیا گوک الپ کے مشورے پر کمال اتاترک نے ملک میں "سرنیم" عام کروئیے - اس لئے آج ہم کو انتہائی دلربا نام ترکی میں ملتے ہیں - سیلئے :-

"گھوڑے والا - حجام - گھوڑے کی دم کا بال - ٹیلے والا - چھری کی ایڑی"

کمال اتاترک نے جہاں اسلام کو اپنانا ترک کرنے کی بڑی کوشش کی - وہاں انہوں نے شراب کو بھی عام کر دیا - انہوں نے بھی سید احمد کی طرح بڑی گہری بات کہی - انہوں کہا کہ شراب اسلام میں حرام نہیں ، نشہ حرام ہے - اتنی پیو کہ نشہ نہ آئے ! اس لئے آج کا موڈرن ترکی ـــ خدا کے فضل سے ـــ ایک موڈرن سلطنت بن گیا ہے - وہاں کی عوام بھی جنگ عظیم کے زمانے کے یورپین سوٹ اور ٹوپیاں پہنتی ہے - اور بڑی بڑی جیٹر کی نیکٹریوں میں کام کرکے روٹی کماتے ہیں - افطار رمضان میں اور صحت جشن بڑھ کر کے روحانی تسکین حاصل کرتے ہیں -

ماڈرن مصر کا اندھا پیغمبر طہٰ حسین (TAHA HUSSAIN) لکھتا ہے "دنیا کی کوئی طاقت ہمیں زندگی کی لذتوں سے محظوظ ہونے سے نہیں روک سکتی - ہم اسی طرح سے لذت اندوز ہونگے جس طرح یورپین ہوتے ہیں - یورپین اقوام کے برابر ہونے کے لئے ہم مصریوں کو یورپینوں کی اچھی اور بری ہر بات کی نقل بلا حجت کرنی ہوگی - جو کوئی بھی اس کے خلاف مشورہ دے گا وہ یا تو خود دھوکہ کھا رہا ہے یا خود اسکو کسی نے چکما دے رکھا ہے"

صدر ناصر پر اسکا اتنا اثر تھا کہ الازہر یونیورسٹی کو طہ حسین وزیر تعلیم نے سیکولر (SECULAR) قرار دے دیا ! "اس طرح سے ایک عظیم اور قدیم اسلامی یونیورسٹی کو "ماڈرن" بنا دیا گیا -

پاکستان بھی اسلام کو ریفارم کرنے کی دوڑ میں کسی سے پیچھے نہیں - سابق صدر ایوب خان نے مسلمانوں کے طرز میں تبدیلیاں کرکے ، شادی کے قانون کو تمام عیوب سے پاک کر دیا تھا - اور اب عوامی لیڈر سے روحانی روشنی حاصل کرتے ہوئے ایک ریفارم لیتے ہوئے اسلام کا پھر ! مولاناؤں کا مولانا جناب کوثر نیازی صاحب قبلہ دام ظلکم اسلام کی اور شریعت کی بچی کچھی خامیوں اور خرابیوں کو دور کر رہے ہیں - اس مبارک کام کے لئے ضروری ہے کہ آئندہ الیکشن میں عوامی لیڈروں کی جیت ہو تا کہ مولانا موصوف اس عظیم کام کو مکمل کر سکیں - ہمیں پوری امید ہے کہ شاہ خالد کی مدد سے یہ "اسلامی قوانین" ملک میں پاس کرنے سے قوم ضرور فتح ہوگی - آمین - اور اگر خدا نخواستہ شکست ہوئی تو ہم اپنا کے جان نثار کر دالیں گے -

ہم شاہ خالد سے بہت متاثر ہوئے ہیں - ۵۰ ارب ڈالر کوئی مذاق نہیں ہوتے - اس میں لاکھوں حاجیوں کی جیب سے انکا پیسہ لگا ہوا - اتنی محنت سے کمائی دولت کا خرچ کر ڈالنا آسان نہیں ہوتا - مگر مرد مجاہد کا دل گردہ تو دیکھئے ! زندہ باد ! اب خدا کا شکر ہے کہ اس پیسے کے خرچ کرنے کے بعد "مسلمانوں کی عظمت رفتہ" تو واپس آجائیگی - بتائیے ! اس بکھری ہوئی عظمت کو واپس لانا کوئی گلی ڈنڈا کھیلنا تو نہ ہوا - کتنا مشکل کام ـــ ! مگر آج مغربی تہذیب میں پیسے سے کیا نہیں خریدا جا سکتا - بس ! پیسہ ہونا چاہئیے وہ چاہے آپ نے جس طرح بھی کمایا ہو - اس سے بحث نہیں ! شاہ خالد نے تیل کے علاوہ جو پیسہ کمایا وہ بالکل جائز طریقے سے حاجیوں کے ویزے کی فیس بڑھانا شریعت کے خلاف تو نہیں - حاجیوں کے قیام کے دوران اُن کے مختلف اخراجات بڑھانا بھی اپنی جگہ بالکل جائز ہے - اب ہر وہ مسلمان جس کے دل میں اسلام اور مسلمان کا درد ہے - آرام اور چین کی نیند سو سکتا ہے - اب بھلا سوچو ! اگر وہ "عظمت رفتہ" ۵۰ ارب ڈالر سے بھی واپس نہ آسکی تو پھر ہمیں اُسکے واپس لانے کا مزید کوئی اور زیادہ گراں قدر منصوبہ تیار نہ کرنا چاہئیے - کیونکہ دولت کی بربادی پر بھی تو اللہ میاں نے پابندیاں لگا رکھی ہیں - اے ! عظمت رفتہ اسی نوکان کھول کے - اگر تم ۵۰ ارب ڈالر پر بھی واپس نہ آئیں تو پھر ہم تم پر ایک دھیلہ بھی خرچ نہ کریں گے - اس کی جگہ ہم چمن کے انگور سے دو آتشہ بنانے کی فیکٹری کھول دیں گے تا کہ ہزاروں مسلمانوں کو اس فیکٹری سے روزی ملے اور ملک کا "معیار زندگی" بلند ہو - !

●●●●●

مقامی شعراء سے درخواست

ادارہ کریسنٹ کی جانب سے شمالی امریکہ میں مقیم شعراء کا منتخب اردو کلام کتابی شکل میں پیش کیا جا رہا ہے - اس سلسلہ میں مقامی شعراء کرام سے درخواست ہے کہ اپنی منتخب غزلوں وغیرہ کے آٹھ نمونے بھیجیں - (ادارہ)

●●●●●

محفل شعر و سخن

(شعراء [illegible])

بادۂ کہن

انیس

غم فکر سے لکھنوں جو لیسی [illegible] شمع [illegible] لگی [illegible]
[illegible] ہو گا [illegible]

رزم ایسی ہو کہ دل سب کے پھڑک جائیں ابھی
بجلیاں تیغوں کی آنکھوں میں چمک جائیں ابھی

آب رواں سے منہ نہ اٹھاتے تھے جانور جنگل میں چھپتے پھرتے تھے طائر ادھر ادھر
[illegible] عرق میں تر [illegible]

تو آنکھ سے نکل کے ٹھہر جا [illegible] راہ میں
پڑ جائیں لاکھ آبلے پائے نگاہ میں

کچھ سوجھتا نہیں ہے کدھر جاؤں کیا کروں اے نور چشم ڈھونڈ کے کہاں پاؤں کیا کروں
مضطر ہے جان و دل کسے سمجھاؤں کیا کروں کیونکر پسر کو ڈھونڈ کے لاؤں میں کیا کروں

پایا تھا لال میں نے خاک جہان کے
وہ لعل ہم نے کھو دیا جنگل میں آن کے

میر ببر علی نام - انیس تخلص - ۱۸۰۱ء میں لکھنؤ میں پیدا ہوئے - انہیں محبت آل رسول ؐ اور مرثیہ گوئی ورثہ میں ملی تھی - چنانچہ میر تقی میر کہتے تھے کہ پانچویں پشت سے مرثیہ گوئی کرتے ہیں - انہوں نے ورثے میں ملے ہوئے اس فن کو اپنی قوت ایجاد ، زبان دانی اور مہارت فن سے بام عروج پر پہنچا دیا - اور آج اردو کے سب سے بڑے مرثیہ گو شاعر کی حیثیت سے زندہ ہیں -

اردو ادب میں مرثیہ کا امتیاز یہ ہے کہ غزل ، مثنوی اور قصیدہ وغیرہ کی طرح اسے عربی یا فارسی سے نقل نہیں کیا گیا - بلکہ اس کی ساخت ، ہیئت ، ادبی عناصر اور اجزائے ترکیبی اردو ہی میں متعین ہوئے - اور اردو میں ہی ان کی نشو و نما ہوئی - اردو شاعری پر مرثیہ کا بڑا احسان یہ ہے کہ اس نے رزمیہ شاعری کی کمی پوری کی ہے - جنگ کی جیسی تصویریں انیس اور دبیر نے پیش کیں وہ کسی اور صنف سخن میں نہیں ملتیں -


انیس کے مرثیے محض رونے رلانے کیلئے نہیں ہیں - بلکہ ان مرثیوں میں چہرہ اور سراپا سے لیکر جنگ ، شہادت اور بین تک اعلیٰ پایہ کی شاعری کی تمام خصوصیات موجود ہیں - وہ بڑے قادر الکلام شاعر تھے - ان کے پاس الفاظ کا اتنا وافر ذخیرہ تھا جو شاید ہی کسی اور شاعر کو نصیب ہوا ہو - ان کی زبان کوثر و تسنیم کی دھلی ہوئی تھی - روزمرہ اور محاورہ کے استعمال پر قادر تھے - ان کے کلام میں شیرینی ، شگفتگی ، نفاست ، پاکیزگی ، متانت اور سنجیدگی ہے - ان کے مرثیے سلاست ، فصاحت اور بلاغت کا بہترین مرقع ہیں - محاکات نگاری ، سیرت نگاری ، جذبات نگاری ، واقعہ نگاری اور منظر نگاری میں انہیں درجہ کمال کو پہنچے ہوئے تھے - غرض انیس کے مرثیوں میں غزل کا نرم و نازک نکھار ، قصیدے کی شان ، مثنوی کا تسلسل ، ڈرامہ کا لطف سبھی کچھ موجود ہے - یہ مرثیے اردو ادب کا گرانقدر سرمایہ ہیں - انیس نے ۱۸۷۴ء میں وفات پائی -

جام نو

نیا مرثیہ

پھٹا پھٹا لباس ہے جو گرد میں اٹا ہوا
چھدا ہوا
کٹا ہوا
یہ کس کا جسم نازنین
لہو لہو بہا ہوا
یہ کون مرد تیغ زن
ہے صف شکن بعزم رن کہ قاتلوں کے درمیاں
ڈٹا ہوا
کھ[illegible]ڑا ہوا
[illegible]
[illegible] جادوان [illegible]
[illegible] ہوا
یہ کس کا نور [illegible]
یہ کس کے دل کا چین [illegible]
خدا گواہ [illegible]
دکھا [illegible] شان حیدری [illegible]
وہی تو [illegible] ہوا
[illegible]
حسین ہے
حسین ہے !!





بہنوں کی محفل

بابائے قوم — اپنے گھریلو شب و روز کے آئینے میں

پاکستان کے بانی قائداعظم محمد علی جناح ۲۵ دسمبر ۱۸۷۶ء بروز اتوار کراچی میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد متوسط درجے کے ایک خوشحال تاجر تھے۔ ابتدائی تعلیم ایک مکتب میں ہوئی۔ جہاں انہوں نے کلام پاک اور اردو کی ابتدائی تعلیم پائی۔ مزید تعلیم کی غرض سے انہیں بمبئی بھیجا گیا لیکن تھوڑے ہی عرصہ بعد واپس بلا لیا گیا۔ بات یہ تھی کہ والدین کو اپنے بیٹے سے بے انتہا محبت تھی۔ اور وہ اس کی جدائی کو برداشت نہ کر سکتے تھے۔ چنانچہ محمد علی جناح کو کراچی کے ایک ہائی سکول میں داخل کرا دیا گیا۔ اور یہیں سے انہوں نے میٹرک کیا۔ جب ان کے والد کا خیال تھا کہ وہ ان کے کاروبار میں شریک ہوں اور ان کا ہاتھ بٹائیں۔ لیکن بیٹے کا رجحان اس طرف نہیں تھا۔ ایک انگریز دوست کے مشورے پر ان کے والد صاحب نے دل پر پتھر رکھ کر اپنے بیٹے کو مزید تعلیم کے لیے اپنے سے جدا کر دیا۔

ان کی پہلی شادی اپنے آبائی گاؤں پانیلی کے ایک کھوجہ خاندان کی لڑکی ایمی بائی سے مشرقی روایات کے مطابق والدین نے آپ سے کی۔ اور انہوں نے سعادت مند بیٹے کی طرح اس پر اعتراض نہ کیا کراچی سے پانیلی گئے۔

اور پھر وہاں سے پانیلی تک بارات بیل گاڑیوں کے ذریعے گئی۔ جناح پونجا کے سب سے بڑے بیٹے محمد علی کی شادی بڑی شان و شوکت سے انجام پائی۔ جس میں پانیلی کے سب معززین موجود تھے۔ اس وقت دولہا محمد علی جناح کی عمر سولہ برس اور دلہن ایمی بائی کی عمر چودہ برس تھی شادی کے بعد غالباً دلہن اپنے ساس سسر کے ساتھ رہنے لگی۔ شادی کے بعد جلد ہی محمد علی جناح اعلیٰ تعلیم کی غرض سے یورپ تک سفر پر روانہ ہو گئے۔ اور انگریز کے ساتھ رہ گئے۔

تعلیم ختم کے دوران ہی پہلے ان کی رفیقہ حیات ایمی بائی اور پھر جلد ہی والدہ ماجدہ مٹھی بائی رحلت فرما گئیں۔ اس وقت ان کی عمر ابھی کم تھی۔ والدہ کی وفات سے ان کو شدید صدمہ ہوا کیونکہ انہیں دنیا میں سب سے زیادہ پیار اپنی ماں سے تھا۔ اور وہ ماں کی عزیز ترین متاع زیست تھے۔ انہیں عمر بھر اس بات کا قلق رہا کہ ماں کا آخری دیدار نصیب نہیں ہوا۔



بابا کے ملت حضرت قائداعظم کی ایک تاریخی تصویر۔ یہ تصویر قائداعظم کی شادی کے موقع پر اتاری گئی تھی

ترجمہ: نعمان بادشاہ خٹک

مجلس عاملہ کے ارکان میں وہ بہت زیادہ پسندیدہ نظروں سے دیکھے جاتے تھے۔ اور یہ فرق سب سے زیادہ مالدار تھا۔ اسی فرق کی ایک ممتاز شخصیت سر ڈنشا کی سترہ سالہ صاحبزادی رتن بائی کو سیاسی کاموں سے گہری دلچسپی رکھتی تھی۔ اور عورتوں کے حقوق کے حصول کو اس نے مقصد حیات سمجھ لیا تھا۔ اسی بنا پر اس کو پہلے سے قائداعظم کا قرب حاصل ہوا اور پھر یہ قربت محبت میں تبدیل ہو گئی۔ بعد میں رتن بائی نے اٹھارہ سال کی عمر میں ۱۹ اپریل ۱۹۱۸ء میں اسلام قبول کر کے محمد علی جناح سے شادی کی جو اس وقت اکتالیس برس کے تھے۔ رشتہ ازدواج میں منسلک ہونا پسند کیا۔ پارسی لوگ غیر پارسیوں کے ساتھ شادی بیاہ کو پسند نہیں کرتے۔ چنانچہ سر ڈنشا اور لیڈی پیٹٹ نے اپنی اکلوتی صاحبزادی کے حد درجہ اصرار پر بادل نخواستہ رضامندی ظاہر کر کے حالات کے ساتھ سمجھوتہ کر لیا تھا۔

پہلی بیوی کے انتقال کے بعد پچیس برس سے زیادہ عرصہ تک محمد علی غیر شادی شدہ رہے۔ دولت، عزت اور اہلیت سب کچھ پاس ہونے اور آزاد خیال سوسائٹی میں گھومنے پھرنے والی تاریخ ساز شخصیتوں کے متعلق اکثر بیشتر کہانیاں افواہیں فضا میں گردش کرتی پھرتی ہیں۔ مگر ہمارے اس عظیم قائد کے بارے میں ان کا گمان بھی بعید از قیاس تھا۔ وہ قول کے پکے، کردار کے پختہ تھے۔ اور پاک و صاف زندگی بسر کرنے پر ایمان رکھتے تھے۔ اور یہ بات ہر اس شخص پر روز روشن کی طرح واضح تھی۔ جس کو ان کے ساتھ کبھی کسی طرح سے سابقہ یا تعلق رہا۔ ان کی بیوی رتن بائی نہایت سلیقہ شعار خوش پوش اور ذہین خاتون تھیں۔ ان کی اثر انگیز شخصیت کی گہری چھاپ رتن بائی پر بھی پڑی۔ محمد علی جناح امپیریل کونسل کے رکن کے طور پر دہلی گئے۔ ساتھ مسز رتن بائی جناح بھی گئیں۔ انہی دنوں میں چند معزز اور مخصوص مہمانوں کو وائسرائے ہند لارڈ چیمسفورڈ نے رات کے کھانے پر مدعو کیا تھا۔ ان میں مسٹر جناح اور مسز جناح دونوں شامل تھے۔ لارڈ چیمسفورڈ اور لیڈی چیمسفورڈ کی آمد کا اعلان ہوا۔ تو سب مہمان احتراماً کھڑے ہو گئے۔ اس پر میزبان نے باری باری سب کا تعارف کرایا۔

اور خاتون کے رواج کے مطابق لیڈی چیمسفورڈ کے سامنے تسلیماً سر خم کرتیں۔ مگر مسز جناح نے مسلمان خاتون کی حیثیت سے آداب عرض کیا اور سر نہ جھکایا۔ اس پر سب حکام برہم ہو گئے۔ اور لارڈ چیمسفورڈ کا خوشامدی چہرہ متغیر ہو گیا تھا ہو کسی قسم کا اظہار نہ کیا۔ جب کھانا ختم ہوا تو وائسرائے نے مسز جناح سے کہا کہ

"آپ کے شوہر کا مستقبل اچھا ہے۔ ان کی راہ میں آپ کو رکاوٹ نہیں بننا چاہئے۔ آپ نے ایک وائسرائے کے مطابق ہمارا احترام نہیں کیا۔ روم میں آپ کو وہی کچھ کرنا چاہئے جو اہل روم کرتے ہیں۔"

مسز جناح پر اس کا بالکل اثر نہ ہوا۔ اور برجستہ جواب دیا کہ

"حضور والا! میں نے تمام آداب کو ملحوظ خاطر رکھا ہے۔ آپ ہندوستان میں ہیں۔ اور میں نے ہندوستانی مسلمان خاتون کی طرح آپ کا احترام کیا ہے۔"

اس سے وہ لاجواب ہو گئے۔ لارڈ ریڈنگ کے ساتھ جناح مرحوم کے بڑے خوشگوار اور گہرے تعلقات تھے۔ وہ ان کے بڑے مداح تھے۔ انہوں نے محمد علی کو ایک بار ایگزیکٹو کونسل کے جج کے عہدہ کی پیشکش کی۔ پھر وائسرائے کی کابینہ میں قانونی رکن بنانے کا مژدہ سنایا۔ محمد علی نے دونوں پیشکشیں مسترد کر دیں۔ اس کے بعد وائسرائے لارڈ ریڈنگ نے ان کو تاج برطانیہ سے "سر" کا خطاب حاصل کرنے کے بارے میں پوچھا۔ تو انہوں نے فرمایا کہ

"مسٹر محمد علی جناح کے مقابلے میں میں یہ زیادہ پسند کروں گا کہ مجھے مسٹر محمد علی جناح کہا جائے"

ایک تقریب میں لارڈ ریڈنگ نے مسز رتن بائی جناح سے مخاطب ہو کر کہا کہ

"کیا آپ لیڈی جناح بننا پسند کریں گی؟"

مسز جناح نے بے ساختہ جواب دیا کہ

"اگر مسٹر جناح نے سر کا خطاب قبول کیا تو میں ان سے علیحدگی اختیار کر لوں گی۔"

محمد علی جناح کی پرائیویٹ اور ذاتی معاملات میں کسی دوسرے کی مداخلت یا سفارش سے قطعاً برداشت نہیں کر سکتے تھے۔ اور یہی چیز میاں بیوی کے درمیان اختلاف و مناقشت کا باعث بنی۔ اب وہ علیحدہ علیحدہ رہتے تھے۔ مگر پیار پھر بھی ایک دوسرے کی محبت ابھی تک باقی تھی کہ ملاقات کیا کرتے تھے۔

چنانچہ شادی کے ۱۹۱۹ء کو مسٹر و مسز جناح کو اکلوتی صاحبزادی ڈینا پیدا ہوئی۔ مگر اس ننھی جان کی آمد سے بھی میاں بیوی کی باہمی محبت کو استحکام حاصل نہ ہوا۔ اور بالآخر ہمیشہ کے لئے ایک دوسرے سے علیحدگی اختیار کر لی۔

دہلی میں امپیریل کونسل کے اجلاس میں شرکت کی غرض سے ۱۹۲۸ء میں وہیں مقیم تھے کہ ان کو اپنی بیوی رتن بائی کی شدید بیماری کا تار موصول ہوا۔ جلدی سے بمبئی گئے۔ مگر ان کی آمد سے پہلے ہی رتن بائی جناح نے داعی اجل کو لبیک کہا تھا۔ کچھ دیر کے لئے بیوی کی میت کے پاس رنجیدہ و غم میں ڈوبے ہوئے بیٹھے رہے اور پھر جنازے کے ساتھ ساتھ آرام باغ تک گئے۔ جہاں مسز رتن بائی جناح کو دفن کیا گیا۔ کہتے ہیں جب رتن بائی جناح کی میت کو لحد میں اتارا جانے لگا۔ تو ان کے صبر و ضبط نے جواب دے دیا۔ اور زار و قطار ہچکیاں لے لے کر رونے لگے۔

اپنی اکلوتی صاحبزادی ڈینا کو بارہ برس کی عمر میں اعلیٰ تعلیم کے لئے انگلستان کے ایک بورڈنگ سکول میں داخل کروایا باپ بیٹی میں بڑا پیار تھا۔ مگر جب ڈینا نے انگلستان سے واپس پر ایک پارسی نوجوان نیول واڈیا سے شادی کر لی۔ تو اس سے ان کے قلب کو ایک اور شدید دھچکا لگا۔ خانگی اور نجی زندگی اس قدر تلخ اور صدمات و مشکلات سے پر ہونے کے باوجود انہوں نے اس بارے میں کبھی کسی سے ایک لفظ تک نہیں کہا۔

انہوں نے اپنی باقی عمر اسلامیان ہند کی فلاح و بہبود کے لئے وقف کر رکھی تھی۔ اور وہ ہماری قومی سرمایہ ہے۔ درحقیقت علامہ اقبال مرحوم مغفور کو جس مرد مومن اور شاہین کی برسوں جستجو رہی تھی۔ محمد علی جناح کے روپ میں خوش قسمتی سے انہیں اپنی ہی زندگی میں مل گیا تھا۔ جو خودی سے سرشار اور قوم کا بہی خواہ تھا۔ ایسے لوگوں کے بارے میں علامہ اقبال مرحوم نے کیا خوب اور درست فرمایا کہ

خودی میں ڈوبنے والوں کے عزم و ہمت نے
اس آبجو سے کئے بحر بیکراں پیدا!



قائداعظم کی رفیقہ حیات محترمہ رتن بائی کی ایک تصویر



مسٹر جناح کی والدہ مٹھی بائی

ریٹائرمنٹ کی عمر ۶۰ برس کردی گئی

لاہور کی سڑکوں کے نام تبدیل کردیے گئے

[illegible]

سرکاری ملازمین کی تقرریاں وفاقی پبلک سروس کمیشن کے ذریعے ہوں گی

پے کمیشن کی سفارشات پر جلد عمل کیا جائے گا

وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے ملازمین کے نمائندہ اجتماع سے خطاب

راولپنڈی — [illegible]

پولیس ملازمین نئی وردی پہنی

لاہور — (اپنے سٹاف رپورٹر سے) [illegible]

بندرہ روزہ کریسنٹ ٹورنٹو

اپنا اخبار ہے

اپنے دوستوں میں تعارف کرایئے

ہملٹن میں نئی پاکستانی ایسوسی ایشن کے قیام کے امکانات

ہملٹن۔ ۵ دسمبر۔ پاکستانی تارکین وطن [illegible] اور مضافات میں پاکستانیوں [illegible] ایک نئی پاکستانی ایسوسی ایشن قائم ہونی چاہیے۔ [illegible] میں پاکستانی ثقافت، تہذیب اور مذہبی روایات [illegible] زیادہ سے زیادہ حصہ لے سکیں۔



ہم کشمیر کی موجودہ پوزیشن سے مطمئن نہیں (بھٹو)

عام انتخابات کرانے کے لیے داخلی اور بین الاقوامی حالات کو مدنظر رکھنا ہوگا: وزیراعظم

انتخابات ایک برس کے لیے ملتوی بھی کیے جا سکتے ہیں

آئین میں التواء کے لیے گنجائش موجود ہے ۔ ایرانی صحافیوں سے انٹرویو

[illegible]

پاکستان سعودی عرب کو بلدیہ کے دو ہزار کارکنوں کی خدمات مہیا کرے گا

[illegible]

[illegible]

[illegible]

امرتسر لاہور، پشاور اور کابل کے درمیان مائیکروویو رابطے قائم کرنے پر غور ہوگا

چار ملکوں کی اشتراکی کمیٹی کا اجلاس اسلام آباد میں شروع ہو گیا

[illegible]

ڈومی سائل سرٹیفکیٹ جاری کرنے کے طریقے کو آسان بنانے کی ہدایت

[illegible]

آئین کی رو سے اسمبلیوں کی میعاد میں توسیع نہیں ہو سکتی: مفتی محمود

اپوزیشن جماعتوں پر تشدد پھیلانے کا الزام غلط ہے

تحریر و تقریر کی آزادی کو انتخابات سے کیوں مشروط کیا جا رہا ہے؟

[illegible]





انتخابات قریب آرہے ہیں اور پیپلز پارٹی ان کے لیے تیار رہے: وزیر اعظم

"فتح عوام کی ہوگی، تقریریں کرنے کی عام اجازت دے دی جائے گی"

دوروں کی صورت میں عوام کو حقائق سے آگاہ کرنا میری ذمہ داری ہے"

نواب شاہ ۔۔۔ (اپ پ پ) وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے کہا ہے کہ انتخابات قریب آ رہے ہیں ان کی صحیح تاریخ کا ابھی خود بھی علم نہیں ہے۔ ایک بات واضح ہے کہ انتخابات میں فتح عوام کی ہوگی۔ جہاں تک پیپلز پارٹی کا تعلق ہے یہ انقلابی جماعت ہے اور انقلاب اور انتخاب دونوں کے لئے ہر وقت تیار ہے۔ عوامی رابطے کے تیسرے دن وزیر اعظم نواب شاہ میں سانگھڑ گئے۔ نواب شاہ پولیس ہیڈ کوارٹر میں استقبال کے لئے آنے والے عوام کے بہت بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میرا موجودہ دورہ انتخابی نوعیت کا نہیں اور نہ ہی سرحد کا دورہ انتخابی مہم کا حصہ تھا جب انتخابات کا وقت آئے گا تو میں وزیر اعظم کی حیثیت سے نہیں بلکہ پارٹی کے چیئرمین کی حیثیت سے دورے کروں گا اور تقریریں کروں گا۔ اب میں تقاریر نہیں کر رہا کیونکہ دفعہ ۱۴۴ نافذ ہے۔ انتخابات کے قریب سب کو تقریریں کرنے کی اجازت ہوگی میں بھی آپ سے ووٹ مانگنے آؤں گا اور تقریریں کروں گا۔ انہوں نے کہا سردست میں وزیر اعظم کی حیثیت سے دورے کر رہا ہوں تاکہ عوام کے مسائل معلوم کئے جائیں اور ان کا حل تلاش کیا جائے۔ وزیر اعظم نے کہا یہ میرا فرض ہے کہ میں عوام سے ملوں اور ان کے مسائل سنوں تاکہ ان کا حل دریافت کیا جا سکے اور یہی میری حکومت کی پالیسی ہے۔ انہوں نے کہا میں پس منظر میں مختلف وفود سے ملاقاتیں کر رہا ہوں تاکہ انتظامیہ کے کاموں کے بارے میں جان سکوں، فصلوں کی حالت، حالیہ بارشوں اور سیلابوں سے ہونے والے نقصانات اور حال ہی میں سرکاری کارکنوں کی ... سرکاری فرائض میں شامل ہے

ڈاکٹر مظہر علی ملک لیبیا میں سفارت کی ذمہ داریاں سنبھالیں گے



نیویارک ۔۔۔ پاکستان لیگ آف امریکہ و کینیڈا کے صدر ڈاکٹر مظہر علی ملک کو لیبیا میں عرب ترقیاتی ادارہ میں مشیر منصوبہ بندی کا سینئر مقرر کیا گیا ہے۔ ڈاکٹر ملک نے نیویارک یونیورسٹی سے ایم ایس سی اور پی ایچ ڈی (سٹی اینڈ ریجنل پلاننگ) کی ڈگریاں حاصل کیں۔ وہ پاکستان کے علاوہ لیبیا، فرانس، سوئٹزرلینڈ اور امریکہ میں انجینیئر اور پلینر کی حیثیت سے کام کر چکے ہیں۔ گزشتہ دنوں امریکہ میں ڈاکٹر ملک کو لیگ کے مختلف عہدیداروں کی طرف سے الوداعی دعوت دی گئی۔

قریشی برادران کو بی کلاس ہی میں رکھا جائے: ہائی کورٹ

لاہور ۔۔۔ (نامہ نگار) لاہور ہائی کورٹ کے فل بنچ نے ماہنامہ اردو ڈائجسٹ کے مدیر ... الطاف حسن قریشی اور ... ڈاکٹر اعجاز حسن قریشی کو جیل میں بی کلاس میں رکھنے کی درخواست کی سماعت مکمل کر لی ہے۔ ... مسٹر جسٹس ... اور مسٹر جسٹس ... پر مشتمل بنچ کے سامنے ... وکیل ... نے بتایا کہ حکومت نے قریشی برادران کو جیل میں بی کلاس دے دی ہے ... لہٰذا ... انہیں بی کلاس ہی میں رکھا جائے

پولی تھین کی تھیلوں اور تھیلوں پر ڈیوٹی ختم کر دی گئی

کراچی ۔۔۔ (اپ پ پ) حکومت پاکستان نے ...

پنجاب میں آٹھ ہزار سے زائد غیر مسلم خاندان بخوشی اسلام قبول کر چکے ہیں

صوبائی حکومت نو مسلموں کو روزگار اور مکانات وغیرہ کی سہولتیں مہیا کرے گی

لاہور ۔۔۔ ... پنجاب کے ... اسلام قبول کر لیا ہے ...

بھارت کے تربیت یافتہ گوریلے بنگلہ دیش میں تخریبی کاروائیاں کر رہے ہیں

سرحد کے ساتھ بھارتی علاقے میں پچاس تربیتی کیمپ قائم ہیں

ہانگ کانگ سٹینڈرڈ سے جنرل ضیاء الرحمٰن کا انٹرویو

ہانگ کانگ ۔۔۔ بنگلہ دیش کی حکومت نے ایک بار پھر بھارت پر الزام لگایا ہے کہ وہ بنگلہ دیش کے گوریلوں کو تخریب کاری کی تربیت دے رہا ہے اور انہیں کئی درجن کیمپوں سے چوری چھپے بنگلہ دیش میں داخل ہونے میں پوری مدد دی جاتی ہے جو بھارتی علاقہ میں سرحد کے ساتھ ساتھ پھیلے ہوئے ہیں۔ ڈپٹی چیف مارشل لا ایڈمنسٹریٹر اور چیف آف سٹاف میجر جنرل ضیاء الرحمٰن نے بتایا کہ بھارتی ان تخریب کاروں کو پولیس تھانوں پر حملوں، پلوں کو اڑانے اور سڑکوں کو توڑنے پھوڑنے کی تربیت دیتے ہیں تاکہ دیہات اور شہروں میں افراتفری پھیلا دی جائے۔ ہانگ کانگ سٹینڈرڈ کو ایک خصوصی انٹرویو کے دوران میجر جنرل ضیاء الرحمٰن نے بتایا کہ پہلے کئی سو چھاپہ ماروں کو گرفتار کر لیا ہے جنہوں نے بتایا کہ انہیں تخریب کاری کی تربیت بھارتی فوج نے دی

ایران کی آزادی کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی گئی تو جنگ چھڑ جائے گی: شہنشاہ ایران

تہران ۔۔۔ (اپ پ پ) شہنشاہ ایران محمد رضا شاہ پہلوی نے انتباہ کیا ہے اگر ایران کی آزادی اور اس کے مفادات کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی گئی تو جنگ چھڑ جائے گی۔ انہوں نے کہا اس بارے میں کسی کو غلط فہمی نہیں ہونی چاہئیے۔ شہنشاہ نے کہا ایران اپنی آزادی کا پورا تحفظ کر سکتا ہے اور کسی کو اپنے اندرونی معاملات میں دخل دینے کی اجازت نہیں دیگا۔ ایک انٹرویو میں شہنشاہ ایران نے کہا ایرانی عوام کو اپنے ملک کو ... بنانے کے لئے سخت محنت کرنا چاہئیے ... بنایا جا سکتا ہے

سیٹھ عابد کی جائداد قرق کرنے کی کارروائی

لاہور ۔۔۔ ...



جس کا اجلاس جاری ہے صدر قذافی نے آج اس کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ... قیادت کے بارے میں کوئی کشمکش نہیں ہے۔ میں نہیں چاہتا کہ عوام کو کسی ایک فرد یا قبیلہ کی حاکمیت میں دے دیا جائے۔


کویت ۔۔۔ (نمبر ۔ اف پ) ایک سرکاری بیان میں بتایا گیا ہے کہ کویت کے ... پیدا وار ... گئی ہے

لیبیا کا سیاسی ڈھانچہ تبدیل کیا جارہا ہے

طرابلس ۔۔۔ (اپ پ پ) لیبیا کی خبر رساں ایجنسی کے مطابق ملک کا سیاسی ڈھانچہ تبدیل کیا جارہا ہے آئندہ سے وزیر اعظم جنرل پیپلز کانگریس کا سیکریٹری جنرل اور سربراہ مملکت جنرل پیپلز کانگریس کا صدر کہلائے گا۔ وزراء کی کونسل کے سربراہ وزیر اعظم عبدالسلام جلود ... سیکریٹری جنرل کا نام ہوگا ... اور اس کی تشکیل جنرل پیپلز کانگریس کرے گی



اسرائیلیوں کے ہاتھوں قرآن پاک اور مقامات مقدسہ کی بیحرمتی



پاکستان نے ہمیشہ اسرائیل کی وحشیانہ اور غیر مہذب حرکتوں کے خلاف آواز اٹھائی ہے

یاسر عرفات کے پیغام کے جواب میں وزیر اعظم کا مکتوب

فلسطینی رہنما نے صیہونی ٹولے کی پیدا کردہ صورت حال سے نمٹنے میں مدد دینے کی اپیل کی تھی

اسلام آباد — اے پی پی) وزیر اعظم پاکستان مسٹر ذوالفقار علی بھٹو نے فلسطینی تنظیم آزادی کے سربراہ یاسر عرفات کے نام جوابی پیغام میں اسرائیلی کی جانب سے کلام پاک اور مسجد الخلیل کی بے حرمتی پر گہرے صدمے کا اظہار کیا ہے۔ آپ نے مسٹر یاسر عرفات کی توجہ حکومت پاکستان کے وہاں کے بیان کی جانب مبذول کرائی ہے جس میں اسرائیل کی اس حرکت کو غیر مہذب اور وحشیانہ قرار دے کر مذمت کی گئی تھی اور مطالبہ کیا گیا تھا مقبوضہ علاقوں میں اسرائیل کی کارروائیوں کی تحقیقات کے لئے اقوام متحدہ کی کمیٹی کا فوری اجلاس طلب کیا جائے۔ انہوں نے یہ بھی یاد دلایا ہے کہ پاکستان نے اقوام متحدہ میں اسلامی گروپ کی اس اپیل کی بھرپور حمایت کی تھی جس میں مقبوضہ علاقوں میں اسرائیل کی کارروائیوں پر غور وخوض کے لئے اسلامی کانفرنس کی مستقل کمیٹی کا اجلاس جلد منعقد کرنے کو کہا گیا ہے۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ وزیر اعظم بھٹو کی ہدایت پر اقوام متحدہ میں پاکستانی مندوب نے مقبوضہ علاقوں میں اسرائیل کی تعصب اور غارت گری کی کارروائیوں پر شدید احتجاج کیا تھا۔

مسٹر یاسر عرفات نے وزیر اعظم پاکستان کے نام اپنے پیغام میں کہا تھا کہ وہ دوسری اسلامی سربراہ کانفرنس کے صدر کی حیثیت میں درخواست کرتے ہیں کہ صیہونیوں کے جنونی ٹولے کے چیلنج کا مقابلہ کرنے میں مدد دیں جو عالم عرب کے اسلامی ورثہ کو تباہ کرکے نسل پرست معاشرت کے قیام کے مقصد کی تکمیل کے لئے کوشاں ہے۔ مسٹر یاسر عرفات نے اپنے پیغام میں کہا تھا کہ کلام پاک کی بے حرمتی کی گئی ہے اور فلسطینی عوام مقامات مقدسہ کی حرمت کے تحفظ کے لئے ہر قربانی دینے کو تیار ہیں۔ وزیر اعظم نے مسٹر یاسر عرفات کے نام مکتوب میں اپنے اس پیغام کا بھی ذکر کیا ہے جو انہوں نے سعودیہ کی اسلامی سربراہ کانفرنس کے نام ارسال کیا تھا اور جس میں لبنان کی خانہ جنگی کے خاتمہ اور اس تنازعہ کے فریقین کے درمیان پُر امن حل کی اہمیت پر زور دیا گیا تھا۔

اسلام آباد — اے پی پی) صدر فضل الٰہی چودھری نے لبنان کے قومی دن کے موقع پر لبنان کے صدر الیاس سارکیس کے نام مبارکباد کا پیغام بھیجا ہے اور کہا ہے کہ لبنان میں امن قائم ہو جانے پر ہم اللہ تعالیٰ کے شکر گزار ہیں اور ہمیں توقع ہے کہ لبنان آپ کی دانشمندانہ قیادت میں مضبوط و خوشحال ہو جائے گا۔ انہوں نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ خوشی و مسرت کے اس موقع پر میں پاکستانی عوام اور حکومت کی جانب سے آپ کو دلی مبارکباد پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔ ہم لبنان میں امن قائم ہو جانے پر خدا کے شکر گزار ہیں اور ہمیں توقع ہے کہ آپ کی دانشمندانہ قیادت میں لبنان بہت جلد مضبوط مستحکم اور خوشحال ہو جائے گا۔ لبنان کا قومی دن کل منایا جا رہا ہے۔

امریکہ سے طیارے خریدنے کے لیے سعودی عرب پاکستان کو پچپن (۵۵) کروڑ ڈالر کی امداد دے گا

بھارتی فضائیہ جدید ترین طیاروں سے لیس ہے

امریکی محکمہ دفاع نے پاکستان کو طیارے فروخت کرنے کی سفارش کر دی

واشنگٹن — انٹرنیشنل ہیرالڈ ٹریبیون کے نامندہ خصوصی جارج سی ولسن نے اپنی رپورٹ میں ہانگ کانگ کے اخبارات کے حوالے سے کہا ہے کہ سعودی عرب پاکستان کو ایک ارب دس کروڑ ڈالر کی امداد مہیا کرنے کے لئے تیار ہو گیا ہے۔ اس رقم میں سے ۵۵ کروڑ ڈالر کی رقم پاکستان کی فضائیہ کو جدید ترین اسلحہ سے لیس کرنے کے لئے مختص ہے اور اس رقم سے پاکستان امریکہ سے اے سیون قسم کے ۱۱۰ جیٹ جنگی طیارے بھی خریدے گا۔ ولسن کے مطابق امریکی وزارت دفاع کے حکام نے حال ہی میں اس امر کی تصدیق کر دی ہے کہ امریکی محکمہ دفاع نے حکومت امریکہ کو پاکستان کے ہاتھ اے سیون قسم کے ایک سو دس جیٹ بمبار فروخت کرنے کی سفارش کر دی ہے جو کہ مدد سے پاکستان بھارت کے خلاف اپنی سرحدوں کا تحفظ و دفاع کر سکے گا کیونکہ دس روز پہلے امریکہ کے نائب وزیر دفاع ولیم کلیمنٹس نے اس سلسلے میں وزارت دفاع کی سفارش منظور کر لی اور مزید کارروائی کے لئے یہ سفارش وزیر خارجہ کو بھیج دی۔ ولسن نے لکھا ہے کہ اگر یہ اطلاع درست ثابت ہوئی کہ پاکستان فرانس سے ایٹمی ری پروسیسنگ کا پلانٹ خریدنے کے سودے سے دستبردار ہو رہا ہے تو پاکستان کو مطلوبہ بمبار طیارے فراہم کرنے کے لئے امریکہ کی راہ ہموار ہو جائے گی۔ اس کے ساتھ ہی بیرونی ملکوں کو امریکی اسلحہ فروخت کرنے کے سلسلے میں منتخب صدر جمی کارٹر کا طرز عمل بھی معلوم ہو سکے گا جو صدر فورڈ کے دور میں امریکی اسلحہ کی فروخت پر مایوسی کا اظہار کر چکے ہیں۔ امریکی محکمہ دفاع کے جوائنٹ چیفس آف سٹاف نے اس سلسلے میں یہ وضاحت کی ہے کہ اے سیون قسم کے امریکی بمباروں کو جن میں کافی تعداد میں بم اور راکٹ لے جائے جا سکتے ہیں پاکستان بھارت کے اندر دور تک بمباری کرنے کی بجائے اپنے دفاع کے طور پر استعمال کرے گا۔ اے سیون بمبار طیارہ فضا میں ایندھن لئے بغیر چھ سو میل تک پرواز کر کے بم اور راکٹ گرا سکتا ہے اس لئے پاک فضائیہ بھارت میں دور تک مقامات کو نشانہ بنا سکے گی۔ اس سلسلہ میں ہو سکتا ہے کہ بھارتی حکومت امریکی اے سیون بمبار طیاروں کو اپنے حق میں ایک نیا خطرہ سمجھے مگر امریکی حکام کے مطابق پاکستان کے پاس ایسے بمباروں کی حفاظت کے لئے لڑاکا طیارے نہیں ہیں جبکہ بھارت کی فضائیہ جدید ترین طیاروں سے لیس ہے اس کے علاوہ پاکستان کے پاس تیل بردار طیارے بھی نہیں ہیں جو اے سیون بمباروں کو فضا ہی میں ایندھن مہیا کر سکیں۔ [illegible] پاکستان نے ایل ٹی وی ایڈ سیون کا پرائیڈ ڈالر کے ایک سو دس اے سیون بمبار طیارے خریدنے کے لیے ستر کروڑ ڈالر ادا کرنے کی حامی بھری ہے اور اس میں فاضل پرزوں اور پاکستانی ہوابازوں کی مخصوص تربیت کے مصارف بھی شامل ہیں۔

کرکٹ کے پیشہ ور کھلاڑیوں اور کرکٹ کنٹرول بورڈ کے صدر کے درمیان اختلافات دور ہو گئے ہیں: عبدالحفیظ پیرزادہ

لاہور — پی پی آئی) وفاقی وزیر تعلیم اور پاکستان سپورٹس کنٹرول بورڈ کے صدر عبدالحفیظ پیرزادہ نے کہا ہے کہ کرکٹ کے پیشہ ور کھلاڑیوں اور کرکٹ کنٹرول بورڈ کے صدر کے درمیان اختلافات دور ہو گئے ہیں اور اب اس معاملے کو ختم سمجھنا چاہیئے۔ اسلام آباد روانہ ہونے سے پہلے انہوں نے پی پی آئی کو ایک انٹرویو کے دوران بتایا کہ انہوں نے کرکٹ کے کھلاڑیوں اور مسٹر کاردار سے ملاقات کی ہے۔ یہ کھلاڑی اس سے قبل وزیر اعظم بھٹو سے بھی راولپنڈی میں ایک روزہ کرکٹ میچ کے دوران مل چکے ہیں۔ مسٹر پیرزادہ نے کہا مسٹر کاردار اس سلسلے میں ایک علیحدہ بیان جاری کریں گے۔ جب ان سے سوال کیا گیا کہ جس ٹیم کا پہلے اعلان کیا جا چکا ہے اب اس کی پوزیشن کیا ہوگی انہوں نے جواب دیا میرا خیال ہے ٹیم میں کچھ تبدیلیاں کی جائیں گی اور بعض پیشہ ور کھلاڑیوں کو موجودہ ٹیم میں شامل کر لیا جائے گا تاہم حتمی فیصلہ کرکٹ کنٹرول بورڈ کے صدر کریں گے۔

فلسطینیوں کی آزاد و خود مختار ریاست قائم کی جائے

مقبوضہ علاقوں سے اسرائیلی فوجوں کا جلد انخلاء ضروری ہے: پاکستان کا مطالبہ

اقوام متحدہ — (ایسوسی ایٹڈ پریس رائٹر) پاکستان سمیت ۱۹ ارکان ملک نے جنرل اسمبلی میں فلسطینیوں کی آزاد اور خود مختار ریاست کے قیام کی زبردست حمایت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ اسرائیلی افواج کو مقبوضہ عرب علاقوں سے واپس بلا کر وہاں فلسطینیوں کی ریاست قائم کی جائے تاکہ بے گھر فلسطینی مہاجرین وہاں آباد ہو سکیں۔ جنرل اسمبلی میں تقریر کرتے ہوئے پاکستانی مندوب نے مطالبہ کیا کہ اسرائیلی افواج کے لیے مقبوضہ عرب علاقوں سے واپسی کے لیے جون [illegible] آخری تاریخ مقرر کی جائے۔

پاکستان میں آبادی میں اضافہ ۳ فی صد سالانہ کی شرح سے ہو رہا ہے!

جہلم — (پی پی آئی) صوبائی وزیر صحت ملک عبدالقیوم نے کہا ہے کہ دنیا میں آبادی میں اضافہ کی شرح ۲ فیصد ہے جبکہ پاکستان میں یہ شرح ۳ فیصد ہے۔ انہوں نے کہا اگر آبادی میں اضافہ کی یہی رفتار جاری رہی تو موجودہ صدی ختم ہونے تک پاکستان کی آبادی دگنی یعنی چودہ کروڑ ہو جائے گی۔

سعودی عرب پاکستان کو ایٹمی اور اقتصادی منصوبوں کے لئے ۱۰ ارب روپے کی امداد دیگا

۵- ارب روپے سے ایٹمی مرکز قائم کیا جائے گا

[illegible]

فرانس کی خواہش پر ہم مزید تحفظات دینے کے لیے تیار ہیں

ایٹم بم نہیں بنانا چاہتے، ایندھن اور پلانٹ کی ضروریات پوری کریں گے

ہمیں توقع ہے فرانس بھی معاہدے سے منحرف نہیں ہوگا

[illegible]

عالمی ٹیم کے مقابلے میں انتخاب عالم پاکستانی ٹیم کی قیادت کریں گے

معاہدے کی پابندی نہ کرنے والے کھلاڑیوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی: بورڈ

[illegible]

سردار شوکت حیات کو اہم عہدہ دیا جائے گا

پارٹی کے پرانے کارکنوں کو ہرگز نظر انداز نہیں کیا جائیگا: بھٹو

[illegible]



تبصرہ: سعید احمد، سابق کپتان پاکستان کرکٹ ٹیم

[illegible]

"کریسنٹ" میں شائع ہونے والے تمام مضامین، اشتہارات اور ان کے خاکوں کے جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ انہیں نقل کرنے سے پہلے ہماری تحریری اجازت لینا ضروری ہے۔
(ادارہ)

کریسنٹ

أَلَآ إِنَّ أَوْلِيَآءَ ٱللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

[illegible]

سانحۂ کربلا اور اس کا ردِعمل

ابن زیاد کا انجام : عبرت کی داستان

حضرت امام حسینؓ نے دنیاوی زندگی پر اللہ کی رضا اور رسول کریمؐ کی متابعت کو ترجیح دے کر ملت کے لیے روشن مثال قائم کر دی



[illegible]

سانحۂ کربلا کے ... کے بعد جب اہل بیت کا لٹا ہوا قافلہ دمشق سے اپنے وطن مدینہ منورہ پہنچا تو مدینہ میں ایک کہرام برپا ہو گیا۔ گو حضرت امام حسینؓ اور ان کے رفقاء کی شہادت کی اطلاع اہل مدینہ کو معلوم ہو چکی تھی لیکن جب یہ مصیبت زدہ اور یتیم بچوں کا قافلہ واپس پہنچا اور عبیداللہ ابن زیاد اور یزید کے مظالم اور [illegible]

[illegible]

... لیکن بعد میں شام، طبریہ حضرت عبداللہ ابن زبیر کو خلیفہ تسلیم کر لیا۔ اسی طرح بصرہ اور کوفہ کے صوبے بھی آپ کے قبضہ میں شامل ہو گئے۔ اسی دوران میں کوفہ (عراق) اور فلسطین بھی حضرت عبداللہ ابن زبیر کے حلیف ہو گئے اور ان کی بیعت کر لی۔

اس وقت دمشق میں معاویہ ثانی کی دستبرداری کے سبب پریشانی اور اضطراب پھیلا ہوا تھا ... بنی امیہ کے اکثر اکابر بشمول مروان بن الحکم کا خیال تھا کہ حضرت عبداللہ ابن زبیر کو خلیفہ تسلیم کر کے سارے عرب کو متحد کر لیا جائے لیکن عین اسی وقت میں عبیداللہ ابن زیاد بصرہ سے بھاگ کر دمشق پہنچ گیا تھا۔ اس نے حضرت عبداللہ ابن زبیر [illegible]

[illegible]



روضۂ حضرت امام حسینؓ

کنبہ کہاں نبی کا، یہ دار محن کہاں؟

جب کربلا میں داخلۂ شاہ دیں ہوا — دشت بلا [illegible] بریں ہوا
[illegible] — خورشید محو حسن [illegible] ہوا
[illegible]

[illegible]

[illegible] کہاں یہ چمن کہاں — [illegible] کہاں
کنبہ کہاں نبی کا یہ دار محن کہاں — [illegible]
[illegible]

[illegible]

[illegible]
[illegible]

——— میر انیس

شاہ است حسین بادشاہ است حسین
دین است حسین دین پناہ است حسین
سر داد نداد دست در دستِ یزید
حقا کہ بنائے لا الٰہ است حسین

——— خواجہ معین الدین اجمیری

کریسنٹ

ٹورنٹو کینیڈا

۱۵ دسمبر ۱۹۷۶ء مطابق ۲۳ ذوالحجہ ۱۳۹۶ھ — جلد ۵ شمارہ ۱۹

انتخابات کے وقت
اپوزیشن کو تقاریر
کی اجازت ہوگی



یحییٰ خاں کے دور میں ہم نے ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے بغیر ہی انتخاب لڑا تھا: وزیراعظم بھٹو

راولپنڈی ——— وزیراعظم بھٹو نے سردار شوکت حیات کی جانب سے [illegible]
[illegible] انتخابات کے وقت اپوزیشن کو تقاریر کرنے کی اجازت ہوگی [illegible]
جو حکومت کے پاس ہے [illegible] اقتدار کے لئے چیخ و پکار کر رہے ہیں۔ انتخابات اور سارا [illegible] اقتدار حاصل کرنے کے لئے

ہی ہوتا ہے۔ کمشنری، بیوروکریسی کے اختیارات فوج اور پولیس اپنے تحت [illegible] ہوتی ہے۔ انتخابات میں شکست کھا جانے والوں کو اقتدار اور [illegible] کیسے مل سکتی ہیں۔ ان کو وہ کچھ بھی ملے گا، جو حزب اختلاف کو مل سکتا ہے۔ انہوں نے کہا اپوزیشن کی طرف سے یہ کہا جاتا ہے کہ ہم گورنمنٹ ہاؤس میں بیٹھے ہیں یا ہمارے پاس ہیلی کاپٹر ہیں۔ آپ نے دریافت کیا کہ کیا الیکشن جیت جانے والے وزیراعظم کے پاس ہیلی کاپٹر نہیں ہوگا اور وہ گورنمنٹ ہاؤس میں نہیں رہے گا۔ وزیراعظم نے استفسار کیا کہ کیا یحییٰ خاں نے انتخابات کے وقت پولیس، فوج، ریڈیو، ٹی وی وغیرہ ہمارے حوالے کئے تھے۔ ہم نے ان کے بغیر بھی الیکشن لڑا تھا اس وقت ہم نے سارے ملک کے دورے کئے۔ اس وقت اخبارات میں ہماری خبریں شائع ہونے کی بجائے ہم پر تنقید ہوتی تھی اور [illegible] لگائے جاتے تھے

وزیراعظم نے اپوزیشن کے بعض عناصر کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ہم ان کے طریقوں اور چالوں کو جانتے ہیں۔ وہ تشدد کی باتیں کرتے ہیں، اگر انتخابات میں تشدد کی کوشش کی گئی تو نتائج کی ذمہ داری مجھ پر عائد نہیں ہوگی۔

بنگلہ دیش میں مفرور افراد کیلئے عام معافی کا اعلان

ڈھاکہ ——— بنگلہ دیش کی حکومت نے تمام جلاوطن اور مفرور سیاسی افراد کے لئے اس شرط پر عام معافی کا اعلان کیا ہے کہ وہ اپنے سابقہ کردار پر پشیمانی کا اظہار کرتے ہوئے اپنے آپ کو حکومت کے حوالے کر دیں اور آئندہ بنگلہ دیش کا وفادار رہنے کا عہد کریں۔ ایک سرکاری بیان میں اس امر کی توقع ظاہر کی گئی ہے کہ جو لوگ بنگلہ دیش سے فرار ہو گئے تھے وہ حکومت کی پیش کش سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنے آپ کو حکومت کے حوالے کر دیں گے۔

دیر کالج کے لئے وزیراعظم کا عطیہ

دیر ——— وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو نے مقامی کالج کے لئے دس ہزار روپے کی رقم بطور عطیہ دی ہے پیپلز پارٹی کے کارکنوں کے ساتھ ملاقات کے وقت ایک کارکن نے وزیراعظم کی توجہ کالج کی مرمت کی طرف دلائی تھی اس موقع پر [illegible] کے ایک ممتاز سیاسی کارکن محمد زمان خان نے پیپلز پارٹی میں شرکت کا اعلان کیا

JANU

CA
CA
PA

STIFF
ARDS
IMMED
MAY B

Ottawa
for Ex
son an
guards
of all C
effectiv
policy
Pakistan
ber of
CHASH
prepare

Accordi
Canada
controls
years,
nuclear
in retur
of fuel
at Kara
Electric

QU
TH

By: A.

The Paki
and Cana
organized
at the U
Departme
attendan
speeches
this inde
the Qua
United St

The follo
papers in
sided by
Akhund,
at UN.

Dr. Masu
"My co
Quaid an

Dr. Mary
"The Fo
outstandi